© rasailojaraid.com

تین شعر

از خورشید الاسلام صاحب بی۔ اے (علیگ)

خوشا! خوشا! کہ مرے ہاتھ میں ہے جام شراب — وہ موجِ رنگ کہ برہم، نہ ہو سکی ساقی
مذاقِ حسن پرستی پہ حرف آئے گا — اگر یہ موج دو عالم نہ ہو سکی ساقی
ازل سے قلقلِ مینا کا نام سنتے ہیں — مگر یہ ظلمتِ شب کم نہ ہو سکی ساقی

کیفیات

جناب کوکب شاہجہانپوری

سازو برگِ جاوداں بھی ہے فنا ساماں بھی ہے — زیست جس کا نام ہے مشکل بھی ہے آساں بھی ہے
ماورائے عقل و ہوش اک عالمِ وجداں بھی ہے — منزلِ حیرت بھی ہے جو منزلِ عرفاں بھی ہے
آب و رنگِ کفر بھی سرمایۂ ایماں بھی ہے — کاوشِ فکر و نظر تشکیک بھی ایقاں بھی ہے
ہر قدم پر ہے کسی کی جستجو اپنی تلاش — دل چراغِ راہ بھی، شمعِ تہِ داماں بھی ہے
قطرہ قطرہ ذرہ ذرہ ہے چمن بندِ حیات — یہ جہانِ آب و گل بھی کہ بہارستاں بھی ہے
خار و خس ہی میں الجھ کر رہ نہ جائیں اہلِ شوق — شاخسارِ زندگی باغِ گل و ریحاں بھی ہے
بے خودی کو جبر کہتے ہیں خودی کو اختیار — عرصہ گاہِ زیست جولاں گاہ بھی زنداں بھی ہے
نور و ظلمت ہیں شعورِ رہروی پر منحصر — رہگذارِ زندگی تاریک بھی تاباں بھی ہے

دیکھ کر بھی ہر نظر پُر نور ہو سکتی نہیں
حسن حیرت آفریں عریاں بھی ہے پنہاں بھی ہے

© rasailojaraid.com